# مرقس کی اِنجیل

یہ اِنجیل تمام اناجیل میں سے سب سے پہلے لکھی گئی۔ Constantine R. Campbell کہتے ہیں کہ مقدس متی اور مقدس لوقا کی معرفت لکھی گئی اناجیل کی بنیاد دراصل مقدس مرقس کی معرفت لکھی گئی اِنجیل پر ہے۔ مرقس کی معرفت اِنجیل میں 661 آیات ہیں جن میں سے 606 آیات متی کی اِنجیل میں موجود ہیں یعنی 92% حصہ مرقس کی انجیل جیسا ہے۔ اسی طرح مقدس لوقا کی معرفت اِنجیل میں 350 آیات یعنی 53% حصہ ایک جیسا ہے۔ اسی طرح مقدس متی اور مقدس لوقا میں تقریباً 250 مشترکہ ہیں جو مرقس کی اِنجیل میں موجود نہیں ہیں۔

تمام اناجیل کو ہیرو ایک ہی ہے اور وہ ہیں خُداوند یسوعؔ مسیح لیکن سب نے مختلف انداز سے ان کو پیش کیا ہے اور مقدس مرقس نے بطور خادم ان کو پیش کیا ہے۔

مصنف:

اس کا پورا نام یوحنا مرقس تھا (اعمال 12:12)۔ یہ یونانی اور لاطینی یا رومی نام کا امتزاج ہے۔ اس کی ماں کا نام بھی مریم تھا۔ ان کے پاس کافی بڑا گھر تھا جہاں کلیسیائی اجتماعات ہوا کرتے تھے۔ بظاہر یہ ایماندار اور مالدار خاتون معلوم ہوتی ہیں (اعمال 12:12)۔ ان کے باپ کا کہیں ذکر نہیں کُچھ علماء کا ماننا ہے کہ شاید ان کی زندگی تبدیل شدہ نہیں تھی۔ کہا جاتا ہے کہ مقدس مرقس کا گھر وہی گھر تھا جہاں بالاخانہ موجود تھا۔ جہاں خُداوند یسوعؔ مسیح نے آخری عیدِ فسح میں شرکت کی اور جہاں شاگرد روح القدس کے نزول کا انتظار کر رہے تھے۔ مقدس مرقس کی طرف سے دی گئی بالاخانے کی تفصیل بھی اس طرف اشارہ کرتی ہے (مرقس 14:12-16)۔

مرقس اس اِنجیل میں اپنے نام کا تذکرہ نہیں کرتے۔ یہ اس وقت کا رواج تھا کہ مصنف اپنی تصنیف میں اپنا ذکر نہیں کرتے تھے (یوحنا 19:26)۔ پھر کہا جاتا ہے کہ جو جوان اپنے بدن پر چادر اوڑھے ہوئے تھا

اور سپاہیوں کے پکڑنے پر وہ ننگا بھاگ گیا (مرقس 14:51-52) یہ مرقس ہی تھا کیونکہ یہ واقعہ کسی اور اِنجیل نویس نے قلمبند نہیں کیا۔

وہ برنباس کا کزن بھی تھا (کلیسوں 4:10)۔ وہ مقدس پولس اور برنباس کے ساتھ یروشلیم سے انطا کیہ واپس آیا (اعمال 12:25)۔

مقدس مرقس، مقدس پولس کے ساتھ پہلے تبلیغی سفر پر گیا تھا (اعمال 13:4-5)۔ مقدس مرقس سفر کے دوران جلد ہی ٹیم کو چھوڑ کر یروشلیم واپس چلا گیا (اعمال 13:13) جسے مقدس پولس نے ایک سنگین منفی رویہ سمجھا (اعمال 15:37-39)۔

**مقدس مرقس کے اپنی ٹیم سے الگ ہونے کی چند ایک وجوہات:**

ماں کی خیر و عافیت

گھریلو ذمہ داریاں

سفر کی مصیبتوں کا خوف یا بزدلی

خدمت سے زیادہ منادی کی فکر

بعد میں یہ برنباس کے ساتھ کُپرس بھی گیا تھا کیونکہ مقدس پولس نے گذشتہ ساتھ نہ دینے کی وجہ سے ان کو ساتھ رکھنا مناسب نہ سمجھا لیکن برنباس نے انہیں دوسرا موقع دیا (اعمال 15:36-41)۔ بعد میں مقدس پولس نے بھی مقدس مرقس کو قبول کر لیا۔ غالب امکان ہے کہ وہ روم میں بھی پولس کے ساتھ تھا (کلسیوں 4:10؛ فلیمون 24؛ 2 تیمتھیس 4:11)۔ ابتدائی کلیسیا مقدس مرقس کو مقدس پطرس کا قریبی ساتھی بھی مانتی تھی (1 پطرس 5:13)۔

کہا جاتا ہے کہ روم میں مقدس پطرس کے ساتھ خدمت کے بعد مقدس مرقس مصر گئے اور وہاں کلیسیا کی بنیاد رکھی۔ وہاں خدمت کے دوران انہیں سخت ظلم وستم کا سامنا کرنا پڑا۔ انہیں ایک گھوڑے کے پیچھے

باندھ کر شہر میں گھسیٹا گیا۔ کئی بار قید کیا گیا لیکن اس نے کبھی حوصلہ نہ چھوڑا۔ جو شخص ایک وقت میں بزدل تھا وہ اب ایک بے حد دلیر انسان بن چُکا تھا۔ اور یہ سب اس لئے ہوا تھا کیونکہ کسی نے اس پر یقین کیا اور اسے کام کرنے کا موقع دیا۔ ایک روایت کے مطابق مقدس مرقس کو نیرو بادشاہ کے دور میں زندہ جلا کر شہید کر دیا گیا۔ یہ وہی نیرو ہے جو مقدس پطرس رسول اور مقدس پولس رسول کے قتل کا بھی ذمہ دار تھا۔